Series SHC/1

Code No. **264/1/1**

Roll No. | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book

- Please check that this question paper contains **16** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **27** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**

- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں چھپے ہوئے صفحوں کی تعداد 16 ہے۔
- پرچہ کے اُوپر دائیں ہاتھ کو چھپا کوڈ نمبر اپنی جواب کاپی کے اُوپری صفحہ پر لکھنا آپکے لئے لازمی ہے۔
- آپ جانچ لیں کہ پرچہ میں چھپے سوالوں کی کل تعداد 27 ہے۔
- کِسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اس کا پرچہ کے مطابق سِلسلہ نمبر جواب کاپی میں ضرور لکھ دیجئے۔

ACCOUNTANCY

اکاؤنٹینسی

(Urdu Version)

Time allowed : 3 hours] *[Maximum Marks : 80*

مقرّرہ وقت : 3 گھنٹے کُل نمبر : 80

عام ہِدایات :

(i) اِس پرچہ کے تین حِصّے ہیں A ، B اور C۔

(ii) حِصّہ A کے سوالوں کے جواب سبھی طلباء کو لکھنے ہوں گے۔

(iii) باقی کے حِصّوں B اور C میں سے آپ فقط کِسی ایک حِصّے کے سوالوں کے جواب لکھ سکتے ہیں۔

(iv) کِسی بھی سوال کے سبھی حِصّوں کے جواب ساتھ ساتھ ایک ہی جگہ پر لکھئے۔

(P.T.O)

حصّہ۔ A
کھاتہ کاری
Part 'A'
(Accountancy)

1۔ جب اُصل کھاتہ متغیّر ہو تو کسی شریک کے اَصل کھاتے میں ڈالی جا سکنے والی کوئی چار مدوں کو فہرست بند کیجئے۔ 2

2۔ کمپنی ایکٹ 1956 کی دفعہ 79 کے مطابق شیئروں کو بٹّے پر جاری کر سکنے کی شرائط لکھئے۔ 2

3۔ شیئروں کی ترجیحی اَلاٹ مینٹ کے کیا معنی ہوتے ہیں؟ 2

4۔ اِصطلاح 'ڈی بینچر' کے معنی بیان کیجئے۔ 2

5۔ رام اور شیام نفعات میں بالترتیب 3 اور 5 کی نِسبت میں حِصّے رکھنے والے ایک فرم کے شریک تھے — ان کے مُستقل اَصل بالترتیب 5,00,000 روپیہ اور 9,00,000 روپیہ تھے۔ سال کے کھاتے بند کر دینے کے بعد یہ پایا گیا کہ شراکت نامہ کے مطابق شریکوں کو 10 فی صد کی دَر سے اَصلوں پر مِلنے والا سُود اَصل کھاتوں میں نہیں ڈالا گیا۔

اِس غلطی کی دُرستی کے لئے لازم اِندراج دِکھائیے۔ 3

6- A B، لمیٹڈ نے 50 روپیہ فی کے 5,00,000-7 فی صد ڈی بینچر جاری کئے۔ مندرجہ ذیل حالات میں ڈی بینچروں کے اجراء کے لئے کمپنی کی کتابوں میں جرنل کے اندراج دکھائیے۔ جبکہ

(i) اِجراء قیمت برابر پر تھا اور واپسی ادائیگی 8 فی صد کے زائد پر ہونی تھی۔

(ii) اجراء 4 فی صد کے زائد پر تھا اور واپسی ادائیگی 5 فی صد کے زائد پر ہونی تھی۔

(iii) اجراء 5 فی صد کے زائد پر تھا اور واپسی ادائیگی قیمت برابر پر ہونی تھی۔ 3

7- ہری، روی اور کوی ایک فرم میں شریک تھے اور اُن کے نفعات میں حِصّے بالترتیب 3، 2 اور 1 کی نِسبت میں تھے۔ اُنہوں نے گرُو کو نفعات میں $\frac{1}{7}$ حِصّے کے لئے نیا شریک شامِل کرلیا۔ نفعات بانٹنے کی نئی نسبت بالترتیب 2، 2، 2 اور 1 کی ہوگی۔ گرُو نے 3,00,000 روپیہ اپنے اصل کے طور پر اور 45,000 روپیہ ساکھ میں اپنے $\frac{1}{7}$ حِصّہ کے لئے ڈالے۔ اپنے کام کو دِکھاتے ہوئے فرم کی کتابوں میں مذکورہ بالا لین دین کے لئے جرنل کے لازمی اِندراج پیش کیجئے۔ 4

8- چندر اور نریش ایک فرم کے شریک تھے جو نفعات میں بالترتیب 3 اور 2 کی نِسبت میں حِصّے رکھتے تھے۔ 28.2.2007 کو اُن کی فرم کو مَنسوخ کردیا گیا۔ مختلف اثاثوں (نقد کے ماسِوا) اور بیرونی واجبات کو وصُولی کھاتے میں ڈالنے کے بعد مندرجہ ذیل لین دین واقع ہوئے۔

(i) 9,000 روپیہ کی لاگت کا ایک اثاثہ درج ہوا۔ اُسے چندر نے 7800 روپیہ میں لے لیا۔

(ii) 47,500 روپیہ کے قرض خواہوں کو اُن کے کلیم کے مکمّل فیصلہ کے لئے 45,000 روپیہ دیا گیا۔

(iii) وصولی پر 1,200 روپیہ کا خسرچ نریش نے دیا۔

(iv) فرم کی منسوخی پر 3,400 روپیہ کا نقصان ہوا۔

مذکورہ بالا لین دین کے لئے کمپنی کی کتابوں میں لازم جرنل کے اِندراج دکھایئے۔ 4

9۔ پونم لمیٹڈ کے نفع نقصان کھاتے میں 55,00,000 روپیہ باقی تھا۔ ڈی وی ڈینڈ دینے کے بجائے کمپنی نے 8 فی صد 50,00,000 روپیہ کے ڈی بینچروں کی 10 فی صد زائد پر واپس ادائیگی کا فیصلہ کیا۔ ڈی بینچروں کی واپس ادائیگی کے لئے کمپنی کی کتابوں میں جرنل کے اِندراج دِکھایئے۔ 4

10۔ یکم اگست 2006 کو K M لمیٹڈ نے 100 روپیہ فی کے 10,000 9 فی صد ڈی بینچر 95 روپیہ فی جمع سُود کے ساتھ خریدے۔ سُود لگانے کی تاریخ 31 مارچ اور 30 ستمبر تھی۔ جبکہ ڈی بینچروں کو منسوخ کرنے کے لئے خریدا گیا ہو۔

روزنامچہ میں لازم اندراج دکھایئے۔ اپنا عمل بھی پیش کیجئے۔ 4

11- JP لمیٹڈ نے میسرز کنسٹرکشن لمیٹڈ سے 70,00,000 روپیہ میں ایک عمارت خریدی۔ کمپنی نے 20,50,000 روپیہ چیک سے ادا کیا اور باقی کی رقم کے لئے 100 روپیہ فی کے ایکوٹی شیئر میسرز کنسٹرکشن لمیٹڈ کے نام جاری کردیئے۔ JP لمیٹڈ کی کتابوں میں عمارت کی خرید کے لئے اور ادائیگی کے لئے جرنل کے لازم اندراج دکھایئے، اگر شیئروں کا اجرا کیا گیا ہو۔

(a) 10 فی صد بٹے پر۔ (b) 25 فی صد کے زائد پر۔ 4

12 سمتا اور ممتا ایک فرم میں شریک تھیں اور نفعات میں بالترتیب 3 اور 1 کی نسبت میں حصے رکھتی تھیں۔ 1.3.2006 کو اس فرم کو بند کردیا گیا۔ اُس تاریخ کو فرم کا توازن نامہ حسب ذیل تھا:

1-3-2006 کو سمتا اور ممتا کا توازن نامہ:

واجبات	روپیہ	اثاثے	روپیہ
قرض	70,000	نقد	20,000
قرض خواہ	1,30,000	عمارت	5,00,000
اصل:		اسٹاک	30,000
	روپیہ	نفع نقصان کھاتہ	60,000
سمتا کا	3,00,000		
ممتا کا	1,10,000	4,10,000	
		6,10,000	6,10,000

فرم بند کرنے پر:

عمارت سے 6,50,000 روپیہ ملا اور اسٹاک سے 12,000 روپیہ۔

قرض خواہوں کو اُن کے کلیم کے مکمل فیصلے کے لئے 1,29000 روپیہ دیا گیا۔
فرم کے پاس 5,00,000 روپیہ کی ایک مشترکہ زندگی بیمہ پالیسی تھی جو 1,27,000 روپیہ میں واپس کردی گئی۔ مشترکہ زندگی بیمہ کی سالانہ قسط کو نفع و نقصان کھاتہ میں ڈال دیا گیا۔

6 وصولی کھاتہ ، نقد کھاتہ اور شریکوں کے اصل کھاتے تیار کیجئے۔

یا

سمیر اور سُدھیر ایک فرم میں شریک تھے اور اُن کے نفعات میں حصّے بالترتیب 5 اور 3 کی نسبت میں تھے۔ 28.2.2007 کو فرم کو بند کردیا گیا۔ فرم بند کرنے کی تاریخ کو سمیر کا اصل 2,40,000 روپیہ اور سُدھیر کا اَصل 1,80,000 روپیہ تھا۔ قرض خواہ اُس تاریخ کو 80,000 روپیہ کے تھے اور عام محافظے میں 1,36,000 روپیہ کی باقی تھی۔ نقد بیلنس 20,000 روپیہ تھا۔
مُتفرق اثاثوں سے 7,50,000 روپیہ وصول ہو پایا۔ فرم بند کرنے پر 2,000 روپیہ خرچ ہُوا جو سُدھیر نے دیا۔
وصولی کھاتہ ، نقد کھاتہ اور شریکوں کے اُصل کھاتے تیار کیجئے۔

13۔ شکتی لمیٹڈ نے 100 روپیہ فی کے 2,00,000 عدد ایکوٹی شیئر 10 روپیہ فی کے زائد پر اجرا کرنے کے لئے عرضیاں طلب کیں۔ اَدائیگی کا ڈھنگ حسبِ ذیل تھا۔
عرضی پر زائد ڈال کر 40 روپیہ فی شیئر۔
اَلاٹ مینٹ پر 30 روپیہ فی شیئر۔
اور باقی کی رقم اوّل و آخری مانگ پر۔
3,00,000 شیئروں کے لئے عرضیاں موصول ہوئیں 40,000 شیئروں

کی عرضیاں نامنظور کردی گئیں اور باقی کے عرضی داروں میں نسبت کے مطابق شیئر الاٹ کردیئے گئے۔ عرضیوں کے ساتھ ملی فالتو رقم کو الاٹ مینٹ کی قسط میں ڈال دیا گیا۔ منوج جسے 2,000 شیئر الاٹ ہوئے تھے۔ الاٹ مینٹ کی قسط اور پہلی اور آخری مانگ کی رقم ادا نہ کرسکا۔ اس کے شیئر ضبط کرلئے گئے۔ ضبط کردہ شیئروں کو مکمل ادائیگی مان کر 90 روپیہ فی شیئر پر دوبارہ اجرا کردیا گیا۔

اپنے کام کو صاف دکھاتے ہوئے شکتی لمیٹیڈ کی کتابوں میں جرنل کے لازم اندراج پیش کیجئے۔ 6

یا

مندرجہ ذیل لین دین کے لئے رمن لمیٹیڈ کی کتابوں میں جرنل کے لازم اندراج دکھائیے۔

(i) 100 روپیہ فی کے 400 عدد ایکوٹی شیئر جنہیں 10 فی صد کے بٹے پر جاری کیا گیا تھا کو آخری مانگ کے 20 روپیہ فی شیئر نہ ادا کرنے پر ضبط کرلیا گیا اور ان ضبط شدہ شیئروں کو مکمل ادائیگی مانتے ہوئے 36,000 روپیہ میں دوبارہ جاری کردیا گیا۔

(ii) 100 روپیہ فی کے 300 عدد ایکوٹی شیئر اس لئے ضبط کرلئے گئے کہ الاٹ مینٹ کے 40 روپیہ فی شیئر ادا نہ ہوئے۔ 20 روپیہ فی کی پہلی اور آخری مانگ جاری نہیں کی گئی۔ ضبط شدہ شیئروں کو مکمل ادائیگی مان کر 29,000 روپیہ میں دوبارہ جاری کردیا گیا۔

14- G، H اور I ایک فرم میں شریک تھے۔ اُن کے نفعات میں حصے بالترتیب 4، 3 اور 3 کی نسبت میں تھے۔ 31-3-2006 کو ان کا توازن نامہ حسب ذیل تھا:

G، H اور I کا 31-3-2006 کو توازن نامہ

واجبات		روپیہ	اثاثے	روپیہ
قرض خواہ		87,000	عمارت	1,70,000
محافظ		33,000	مشینری	1,20,000
اصل:			اِسٹاک	40,000
	روپیہ		قرض دار	45,000
G کا	1,05,000		نقد	15,000
H کا	85,000			
I کا	80,000	2,70,000		
		3,90,000		3,90,000

30-6-2006 کو H کی موت ہوگئی۔ شراکت نامہ کے مطابق کسی مرنے والے شریک کے وصیوں کو ملتا ہے:

(i) بوقت موت مرنے والے شریک کے اصل کھاتے میں جمع رقم۔

(ii) اصل پر 12 فی صد سالانہ کی دَر سے سُود۔

(iii) اُس کا ساکھ میں حِصّہ، H کی موت پر فرم کی ساکھ کی قدر 2,70,000 روپیہ آنکی گئی۔

(iv) اُس کا نفعات میں حِصّہ پچھلے سال کے منافع کی بنا پر اس سال کے موت کے دن تک۔

31-3-2006 کو ختم ہونے والے سال میں فرم کا منافع 2,40,000 روپیہ تھا۔ اس کے وصیوں کو دینے کے لئے H کا اصل کھاتہ تیار کیجئے۔

6

15 - A اور B ایک فرم کے شریک تھے۔ وہ نفعات میں بالترتیب 3 اور 2 کی نسبت میں حصّے رکھتے تھے۔ اُنہوں نے نفعات میں $\frac{1}{6}$ حصّہ کے لئے C کو شراکت میں شامل کیا۔ C کو 40,000 روپیہ بطور اصل لانا تھا۔ اور A اور B کے اصلوں کی نفعات میں حصّوں کے مطابق اور C کے اصل کی بنا پر مطابقت کرنی تھی۔ A اور B کا 31-3-2006 کو توازن نامہ حسب ذیل تھا۔

31-3-2006 کو A اور B کا توازن نامہ

واجبات	روپیہ	روپیہ	اثاثے	روپیہ
قرض خواہ	36,000		نقد	10,000
ادا ہونے والے بل	20,000		قرض دار	34,000
عام محافظ	24,000		اسٹاک	24,000
اصل:			مشینری	42,000
	روپیہ		عمارت	2,00,000
A کا	1,50,000			
B کا	80,000	2,30,000		
		3,10,000		3,10,000

C کے داخلے کے بعد معاہدہ کی دیگر شرائط حسب ذیل تھیں:

(i) ساکھ میں اپنے حصّہ کے لئے C 12,000 روپیہ لائے گا۔

(ii) عمارت کی قدر 1,85,000 روپیہ مانی جائے گی اور مشینری کی 40,000 روپیہ۔

(iii) ادھاروں میں ناقص ادھاروں کے لئے 6 فی صد رکھا جائے گا۔

(iv) A اور B کے اصل کھاتوں کی مطابقت جاری کھاتے کھول کر کی جائے گی۔

تیار کیجئے: بازقدری کھاتہ، شریکوں کے اصل کھاتے اور A، B اور C کا توازن نامہ۔ 8

یا

X، Y اور Z ایک فرم میں شریک تھے۔ اُن کے نفعات میں حِصّے بالترتیب 5، 3 اور 2 کی نسبت میں تھے۔ 31-3-2006 کو Z فرم سے علیحدہ ہوگیا۔ اُس تاریخ کو فرم کا توازن نامہ حسب ذیل تھا۔

31-3-2006 کو X، Y اور Z کا توازن نامہ۔

واجبات	روپیہ		اثاثے	روپیہ
قرض خواہ	27,000		بینک	80,000
ادا ہونے والے بل	13,000		قرض دار	روپیہ 20,000
باقی ادا ہونے والا کرایہ	22,500		گھٹا کر شکیہ قرضوں	
قانونی کلیموں کے لئے مہیا کاری	57,500		کے لئے مہیا کاری	500 19,500
اصل: X کا	روپیہ 1,27,000		اسٹاک	21,000
Y کا	90,000		فرنیچر	87,500
Z کا	71,000	2,88,000	زمین اور عمارت	2,00,000
		4,08,000		4,08,000

Z کی علیحدگی پر یہ مان لیا گیا کہ:

(i) زمین اور عمارت کی قدر کو 5 فی صد سے بڑھا دیا جائے گا اور فرنیچر کی قدر کو 20 فی صد سے گھٹا دیا جائے گا۔

(ii) شکیہ قرضوں کے لئے مہیا کاری قرضوں کے 5 فی صد پر ہوگی اور قانونی کلیموں کے لئے 60,000 روپیہ رکھا جائے گا۔

(iii) فرم کی ساکھ کو 60,000 روپیہ مانا گیا۔

(iv) Z کے اصل کھاتے کا 70,000 روپیہ اُس کے اُدھار کھاتے میں ڈال دیا جائے گا۔ اور باقی رقم اُسے چیک سے دے دی جائے گی۔

تیار کیجئے: باز قدری کھاتہ، شریکوں کے اُصل کھاتے اور Z کی علیحدگی کے بعد X اور Y کا توازن نامہ۔

حصّہ - B
مالیاتی بیانات کا تجزیہ

Part 'B'

(Analysis of Financial Statements)

16۔ نقد روانی بیان تیار کرنے کے کوئی دو مقصد لکھئے۔ 2

17۔ فائن گارمینٹس لمیٹڈ تیار کپڑوں کی برآمد کا کام کرتے ہیں۔ کمپنی نے اِن کپڑوں کی پیکنگ کے لئے 10,00,000 روپیہ کی ایک مشین خریدی۔ وجہ لکھ کر بتائیے کہ مشین کی خرید کی وجہ سے نقد روانی کو اِن میں سے کِس سے نقد روانی مانا جائیگا، عملی کاموں سے، اصل کاری سے یا مالی عملوں سے؟ اسباب بھی بتائیے۔ 2

18۔ ہاشو، لمیٹڈ

31 مارچ 2005 اور 2006 کو ختم ہونے والے سالوں کے نفع نقصان کھاتے

مدیں	2005	2006
	روپیہ	روپیہ
فروخت سے وصولی	25,000	32,500
گھٹا فروخت شُدہ اشیاء پر لاگت	11,850	16,590
کُل نفع	13,150	15,910
گھٹا بالواسطہ اخراجات	1,150	4,910
ٹیکس سے قبل نفع	12,000	11,000
گھٹا ٹیکس 50 فی صد	—	—

2005 سے 2006 تک کی فی صد تبدیلی محسُوب کیجئے۔ 3

19۔ مالی بیانات کے تجزیہ کا مفہُوم سمجھائیے۔ 3

20 — سوریا لمیٹڈ کا 31-3-2006 کو ختم ہونے والے سال کے لئے نفع نقصان کھاتہ اور 31-3-2006 کو کمپنی کا توازن نامہ حسب ذیل دیئے گئے ہیں:

نفع نقصان کھاتہ 31-3-2006 کو ختم ہونے والے سال کے لئے۔

دین داریاں		لین داریاں	
مدیں	روپیہ	مدیں	روپیہ
ابتدائی اِسٹاک	40,000	فروخت	4,40,000
خرید	2,50,000	آخری اِسٹاک	20,000
سیدھے اخراجات	30,000		
کُل نفع	1,40,000		
	4,60,000		4,60,000
تنخواہ	32,000	کُل نفع	1,40,000
عمارت کی فروخت پر نقصان	8,000		
خالص نفع	1,00,000		
	1,40,000		1,40000

31-3-2006 کو فرم کا توازن نامہ

واجبات	روپیہ	اثاثے	روپیہ
ایکوٹی شیئر اصل	3,00,000	زمین	4,00,000
نفع نقصان کھاتہ	1,00,000	اِسٹاک	20,000
قرض خواہ	1,50,000	قرضدار	1,00,000
دی جانے والی تنخواہ	50,000	نقد	80,000
	6,00,000		6,00,000

مندرجہ بالا بیانات کی بنا پر مندرجہ ذیل سے کوئی دو نسبتیں محسوب کیجئے:

(i) چالو نسبت (ii) اِسٹاک کُل فروخت نسبت (iii) مالکانہ نسبت۔ 4

21— مندرجہ ذیل باتوں پر غور کرنے کے بعد 31-3-2006 کو ختم ہونے والے سال میں راج لمیٹڈ کا نفع 17,50,000 روپیہ تھا:

عمارت پر فرسودگی	1,30,000	روپیہ
پلانٹ اور مشینری پر فرسودگی	40,000	روپیہ
ساکھ کی منسوخی	25,000	روپیہ
مشینری کی فروخت پر نقصان	9,000	روپیہ

31-3-2005 اور 31-3-2006 کو کمپنی کے چالو اثاثوں اور چالو واجبات کی حالت حسب ذیل تھی:

	31-3-2005	31-3-2006
	روپیہ	روپیہ
اِسٹاک	70,000	87,000
آنے والے بِل	67,000	58,000
نقد	60,000	75,000
قرض خواہ	68,000	77,000
بقایا تنخواہ	7,000	4,000
ادا ہونے والے بِل	43,000	29,000

عمل کاریوں سے نقد روانی محسوب کیجئے۔ 6

یا

جنتا لمیٹڈ کے 31-3-2006 کو ختم ہونے والے سال کا نفع نقصان کھاتہ اور 31-3-2005 اور 31-3-2006 کو توازن نامے صفحہ 14 پر ہیں۔ اِن کی مدد سے عمل کاریوں سے نقد روانی محسوب کیجئے:۔

جنتا لمیٹڈ کا 31-3-2006 کو ختم ہونے والے سال کے لئے نفع نقصان کھاتہ :

دین داریاں		لین داریاں	
مدیں	روپیہ	مدیں	روپیہ
فرسودگی	17,000	کُل نفع	5,00,000
تنخواہ	35,000		
کرایہ	72,000		
کمیشن	23,000		
دیگر اخراجات	43,000		
خالص نفع	3,10,000		
	5,00,000		5,00,000
مجوزہ ڈی وی ڈینڈ	1,50,000		
باقی نفع	1,60,000	خالص نفع	3,10,000
	3,10,000		3,10,000

31-3-2005 اور 31-3-2006 کو جنتا لمیٹڈ کے توازن نامے

واجبات	2005 روپیہ	2006 روپیہ	اثاثے	2005 روپیہ	2006 روپیہ
شیئر اصل	2,00,000	3,50,000	پلانٹ	4,75,000	5,40,000
محافظے	60,000	2,20,000	پیٹینٹ	—	50,000
اُدھار	20,000	30,000	اسٹاک	1,05,000	1,20,000
مجوزہ ڈی وی ڈینڈ	20,000	1,70,000	قرض دار	70,000	90,000
قرض خواہ	1,80,000	10,000			
ادا ہونے والے بل	1,70,000	20,000			
	6,50,000	8,00,000		6,50,000	8,00,000

حصّہ - C

کمپیوٹری کھاتہ کاری

Part 'C'
(Computerised Accounting)

22۔ ٹیوپل (Tuple) کیا ہوتا ہے؟ 2

23۔ کھاتوں کی گروپ بندی کی ضرورتیں فہرست بند کیجئے۔ 2

24۔ ایک موزوں مثال کی مدد سے DDL نظریہ کو سمجھائیے۔ 3

25۔ اعداد و شمار (data) کی بیکاریت کیا ہوتی ہے؟ 3

26۔ کوڈنگ کی غیر موجودگی کے کیا اثرات ہیں؟ 3

27۔ (a) میسرز اَرُونا لمیٹڈ کی مندرجہ ذیل جان کاری سے بینک واؤچر (کی شکل) کا ڈی زائن تیار کیجئے۔

تاریخ	واؤچر نمبر	کوڈ	کھاتہ	رقم (روپیہ)
31-1-07	2	711001	ڈی بینچر	5,00,000
31-1-07	2	721001	اجرا پر زائد	1,00,000
31-1-07	2	110001	بینک	6,00,000

3

تیار کرنے والا: سُندر۔ با اجازت: پرشانت

(ھ) میسرز اَرُونا لمیٹڈ نے 100 اشخاص مَلازم رکھے۔ جن کی تنخواہ میں بُنیادی تنخواہ، مہنگائی بھتّہ، مکان کرایہ بھتّہ اور شہر بھرپائی بھتّہ شامل ہیں۔

ادائیگی کا فیصلہ مندرجہ ذیل اُصولوں کی بِنا پر کیا جاتا ہے:

بھتّوں کو محسُوب کرنے کے لئے مندرجہ ذیل ڈیٹا کو MS پہنچ میں استعمال کرتے ہوئے سوالوں کو SQL میں لکھئے۔

مکان کرایہ بھتّہ:

10,000 روپیہ تک کی بُنیادی تنخواہ پر 3,000 روپیہ

20,000 روپیہ تک کی بُنیادی تنخواہ پر 7,000 روپیہ

اور 20,000 روپیہ سے زائد تنخواہ پر 10,000 روپیہ

شہر بھرپائی بھتّہ:

بُنیادی تنخواہ کے 10 فی صد کی دَر سے لیکن کم سے کم 1,250 روپیہ

3+1=4